(COVID-19 IGP/D-28)

OFFICE OF THE
INSPECTOR GENERAL OF POLICE
SINDH, KARACHI

NO. 1210-106/AIGP/OPS-I/(IGP-D-28), 2020
Dated: 01 /04/2020

تعلیمی اداروں میں فیسوں کے جمع کرنے کی بابت ہدایات

مشاہدے میں آیا ہے کہ صوبے سندھ میں موجود مختلف اسکولوں / کالجوں کی انتظامیہ طالب علموں سے اسکول / کالج فیس جمع کرانے کی بابت ان سے رابطہ کر رہی ہیں۔ پورے ملک خصوصاً صوبہ سندھ میں کرونا وائرس (Covid-19) کے تیز رفتاری سے بڑھتے ہوئے واقعات کے تناظر میں سندھ پولیس کے فیلڈ کمانڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ ان کے رینجز، زونز، اضلاع، یونٹس میں موجود اسکولوں اور کالجوں کی انتظامیہ سے اپنے ماتحت عملے کے زریعے اسکول اور کالج کی انتظامیہ کو شائستگی کے ساتھ پابند کریں کہ والدین یا سرپرست میں سے کسی بھی ایک کو فیس جمع کروانے کے لئے اسکول، کالج میں آنے کی ہدایت کی جائے۔ اور اس سلسلے میں قطعاً طالب علموں کو اسکول / کالج میں نہ بلوایا جائے۔

اسکول / کالج انتظامیہ کو اس بات کے لئے بھی پابند کیا جائے کہ وہ فیس جمع کرنے کی خاطر اپنے کم سے کم عملے کو اسکول / کالج میں آنے کو کہیں۔ عملے کو تمام تر احتیاطی تدابیر مثلاً ایک دوسرے سے مناسب فاصلہ، حفاظتی ماسک کا استعمال، سینیٹائزر کی موجودگی، عملے نے گلوز پہنے ہو اور اس بات کو بھی یقینی بنایا جائے کہ ڈیٹول ملا پانی، فیس جمع کرنے والے کمرے کے کاؤنٹرز، ٹیبل، دروازے کے ہینڈلز، ڈراز کے ہینڈلز، کمپیوٹر کی بورڈ کے اطراف وقتاً فوقتاً اسپرے کیا جائے تاکہ جراثیم کے خاتمے کو یقینی بنایا جاسکے۔

اسکول / کالج انتظامیہ اس بات کی بھی پابند ہوگی کہ فیس جمع کروانے کی خاطر آنے والے والدین / سرپرست کو بھی مناسب فاصلے پر رہنے کی ہدایت کریں گے اور کسی بھی صورت ایک جگہ اکھٹے نہ ہونے دینگے۔ اور انہیں تمام تر حفاظتی تدابیر اختیار کرنے کو کہیں گے۔

نوٹ: اس سلسلے میں تمام اسکولوں، کالجوں، والدین، سرپرستوں سے استدعا کی جاتی ہے کہ لاک ڈاؤن کے سلسلے میں حکومت سندھ کی طرف سے جاری کردہ ہدایت نامہ پر مکمل عمل درآمد میں سندھ پولیس کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔

ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی (پی ایس پی)
اے آئی جی پی آپریشنز
برائے انسپکٹر جنرل، سندھ پولیس
کراچی

SEEN
DIG / OPS
Dated: 07/04/2020

ہدایات نامہ مجاز اتھارٹی کی ہدایت پر جاری کیا گیا ہے۔

کاپی برائے اطلاع و عمل درآمد:

تمام ایڈیشنل آئی جی پی صاحبان، سندھ پولیس

تمام ڈی آئی جی پی صاحبان، سندھ پولیس

تمام ایس ایس پی / ایس پی صاحبان و جملہ افسران سندھ پولیس

انچارج آپریشن برانچ، سی پی او سندھ کراچی

Outward No. DIGP-I-T 781 /2020
Dated: 02-04-2020

No 2248 /DIT/CPO/Karachi
Date 07/4/2020